NEWBORN SCREENING **ONTARIO**
DÉPISTAGE NÉONATAL **ONTARIO**

BILIARY ATRESIA
بند صفراوی نالی (بلیری ایٹریسیا)

Infant Stool Colour Card

شیر خوار بچے کے پاخانے کے رنگ کا چارٹ (انفنٹ اسٹول کلر کارڈ)

ABNORMAL Stool Colours

پاخانےکے غیر معمولی (ابنارمل) رنگ



Consult the physical version of this card for greater colour accuracy.

رنگ کی بہتر درستگی کے لیے اس کارڈ کی اصلی کاپی (فزیکل ورژن) ملاحظہ کریں

NORMAL Stool Colours

پاخانہ کے حسب معمول (نارمل) رنگ



INSTRUCTIONS

Check your baby's stool (poop) colour every day for the first month after birth to screen for biliary atresia.

If your baby has an abnormal stool colour (see above colours 1,2,3,4,5,6), please contact Newborn Screening Ontario by phone or email or by scanning the QR code below.

ہدایات

بند صفراوی نالی (بلیری ایٹریسیا) کی جانچ (اسکرین) کے لیے پیدائش کے بعد پہلے مہینے تک ہر روز اپنے بچے کے پاخانے کا رنگ چیک کریں۔

اگر آپ کے بچے کے پاخانے کا رنگ غیر معمولی ہے (اوپر کے رنگ 1,2,3,4,5,6 دیکھیں) تو، براہ کرم نوزائیدہ اسکریننگ اونٹاریو (نیو بورن اسکریننگ اونٹاریو) سے فون یا ای میل کے ذریعے یا نیچے دیے گئے کیوآرکوڈ (QR code) کو اسکین (scan) کرکے رابطہ کریں۔

Phone / فون : **1-833-POOP-CHK**
(1-833-766-7245)

Online / آن لائن : **www.newbornscreening.on.ca/poop**

Email / ای میل : **NSOBA@cheo.on.ca**

NEWBORN SCREENING **ONTARIO**
DÉPISTAGE NÉONATAL **ONTARIO**

BILIARY ATRESIA
بند صفراوی نالی (بلیری ایٹریسیا)

When identification and treatment start early, babies with biliary atresia can have a better chance to grow and develop normally.

What is biliary atresia?

Biliary atresia (BA) is a rare but serious disease where bile cannot get from the liver to the stool (poop). Babies with BA usually seem well but they can develop **pale yellow or whitish coloured stools** in the first month of life. Along with the pale poop, these babies can have yellow skin and eyes **(jaundice) lasting longer than the first two weeks of life**. Without treatment, babies with BA will develop life-threatening liver damage. Treatment is most effective when babies are identified before they are one month old.

How can you screen for biliary atresia?

You can screen for BA by comparing your baby's stool (poop) colour to the numbered pictures on the front of this card, for the first month after birth. Screening for abnormal stool colour can help to identify problems with the liver earlier. Keep this card close by when you change your baby's diaper.

Who do I contact and when?

If at any time during the screening you notice that your baby has an abnormal stool colour (number 1,2,3,4,5, or 6), please contact Newborn Screening Ontario using the information on the front of this card.

Please have available the baby's name, birth date, and health card number. If you also choose to see your doctor, please take this card with you.

What happens next?

First, don't be alarmed. This is a screening tool and not a diagnostic test. A clinical team member from Newborn Screening Ontario will return your call by the next business day to discuss your concern and begin next steps. Your privacy and health information is protected. Learn more: www.newbornscreening.on.ca/privacy

If you have concerns about your baby **other than stool colour**, please contact your health care provider. For more information about biliary atresia, visit our website or scan the QR code on the front of the card.

Information is available in other languages. / معلومات دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔
www.newbornscreening.on.ca/poopcard

که د صفراوی قناتو بندښت ژر تشخیص او تداوی یې پیل شی، هغه ماشوم چې دا عارضه ولری نو ډیر امکان لري چې په عادی توګه وده وکړي او لوی شي.

بند صفراوی نالی (بلیری ایٹریسیا) کیا ہے؟

بلیری ایٹریسیا (بی اے) (BA)ایک نایاب لیکن سنگین بیماری ہے جہاں پت (بائل) جگر سے پاخانہ (فضلہ) تک نہیں پہنچ سکتی۔ بی اے والے بچے عام طور پر ٹھیک لگتے ہیں لیکن زندگی کے پہلے مہینے میں ان کے ہلکے پیلے یا سفید رنگ کے پاخانےہو سکتے ہیں۔ ہلکےپیلے پن کے ساتھ، ان بچوں کی جلد اور آنکھیں پیلی ہو سکتی ہیں (یرقان) جو کہ زندگی کے پہلے دو ہفتوں سے زیادہ دیر تک رہ سکتی ہے۔ علاج کے بغیر، بی اے (BA) والے بچوں کو جگر کاجان لیوا نقصان پہنچےگا۔ علاج اس وقت سب سے زیادہ موثر ہوتا ہے جب ایک ماہ کی عمر تک پہنچنےسے پہلے ہی ایسے بچوں کی شناخت کر لی جاتی ہے۔

آپ بند صفراوی نالی (بلیری ایٹریسیا) کی اسکریننگ کیسے کر سکتے ہیں؟

آپ پیدائش کے بعد پہلے مہینے کی عمرکےدوران اپنے بچے کے پاخانے (فضلے) کے رنگ کا اس کارڈ کے سامنے والے جصے میں موجودنمبر والی تصویروں سے موازنہ کر کےبی اے (BA) کے لیے اسکرین کر سکتے ہیں۔ پاخانہ کے غیر معمولی رنگ کے لیے اسکریننگ، جگر کے مسائل کی جلد شناخت کرنے میں مدد کر سکتی ہے۔ جب آپ اپنے بچے کا ڈائپر تبدیل کریں تو اس کارڈ کو قریب رکھیں۔

میں کس سے اور کب رابطہ کروں؟

اگر اسکریننگ کے دوران کسی بھی وقت آپ نے دیکھا کہ آپ کے بچے کے پاخانے کا رنگ غیر معمولی ہے (نمبر 5،4،3،2،1، یا 6)، تو براہ کرم اس کارڈ کے سامنے دی گئی معلومات کا استعمال کرتے ہوئے نوزائیدہ اسکریننگ اونٹاریو (نیو بورن اسکریننگ اونٹاریو)سے رابطہ کریں۔

براہ کرم بچے کا نام، تاریخ پیدائش، اور ہیلتھ کارڈ نمبر دستیاب رکھیں۔ اگر آپ اپنے ڈاکٹر سے ملنے کا انتخاب بھی کرتے ہیں، تو براہ کرم یہ کارڈ اپنے ساتھ لے جائیں۔

آگے جا کر کیا ہوگا؟

پہلی بات تو یہ ہے کہ، مت گھبرائیں ۔ یہ اسکریننگ کا آلہ (ٹول) ہے نہ کہ تشخیصی ٹیسٹ۔ نیوبورن اسکریننگ اونٹاریو کی طرف سے کلینیکل ٹیم کا ایک رکن آپ کی تشویش پر بات کرنے اور اگلے اقدامات شروع کرنے کے لیے اگلے دفتری دن تک آپ کی کال کا جواب دے گا۔ آپ کی رازداری اور صحت کی معلومات محفوظ ہیں۔ مزید جانیں:
www.newbornscreening.on.ca/privacy

اگر آپ کو اپنے بچے کے پاخانہ کے رنگ کے علاوہ کسی اور چیز کے بارے میں خدشات ہیں، تو براہ کرم اپنے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے سے رابطہ کریں۔ بند صفراوی نالی (بلیری ایٹریسیا) کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا کارڈ کے سامنے والے کیوآرکوڈ (QR code) کو اسکین (scan) کریں۔

We thank / ہم شکریہ ادا کرتے ہیں
Health Promotion Administration, Ministry of Health and Welfare, Taiwan, and Professor Mei-Hwei Chang, National Taiwan University, College of Medicine
for authorizing the use of stool colour photos. / پاخانے کی رنگوں کی تصویروں (اسٹول کلر فوٹوز)کے استعمال کی منظوری فراہم کرنے کے لیے۔
For permission to use any content on this card, please contact NSO. اس کارڈ پر کوئی بھی مواد استعمال کرنے کی اجازت کے لیے، براہ کرم این ایس او سے رابطہ کریں۔

415 Smyth Road, Ottawa, ON K1H 8M8 · Phone: 1-833-766-7245
www.newbornscreening.on.ca · NSOBA@cheo.on.ca · @NBS_Ontario
Please recycle! براہ کرم ری سائیکل کریں!
© Newborn Screening Ontario, 2022